© rasailojaraid.com

# احوال و کوائف

## دارالعلوم حقانیہ

**حضرت ضیاء المشائخ مجددی کی آمد** ۱۰ ذی الحجہ کو افغانستان کے مشہور شیخ طریقت حضرت نور المشائخ مرحوم کے فرزند اکبر حضرت ضیاء المشائخ فضل عثمان مجددی نقشبندی مدظلہ؛ دارالعلوم تشریف لائے۔ بوجہ تعطیلات عید الاضحیٰ تعلیمی نظام تو نہ دیکھ سکے مگر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی معیت میں دارالعلوم کے مختلف انتظامی شعبوں دفاتر، مسجد، کتب خانہ، مطبخ اور تعمیرات کا معائنہ فرماکر نہایت محظوظ ہوتے اور دارالعلوم کی ترقی و استحکام کیلئے دعائیں فرمائیں اور کتاب الآراء میں اپنے تاثرات قلمبند کرائے عصر کی نماز آپ نے مسجد دارالعلوم میں ادا کی اور دور دراز قبائلی علاقوں کے مقیم کافی طلبہ کو ان کی زیارت نصیب ہوئی۔

**تعطیلات** یکم ذی الحجہ سے دارالعلوم میں عید الاضحیٰ کی تعطیل ہوئی جو ۱۵ ذی الحجہ تک جاری رہی اور ۱۶ ذی الحجہ کو باقاعدہ اسباق شروع ہوئے۔

**طلباء دارالعلوم کی علاقائی تفصیل** اس سال دارالعلوم کے شعبہ عربی میں پاکستان وغیرہ کے ۱۲۱۲ طلباء نے داخلہ لیا جن میں سے تقریباً ۱۲۰ طلباء دورۂ حدیث میں شریک ہیں۔ ان طلباء کی علاقائی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **پاکستان وملحقہ ریاستیں** | | چکیسر | ۴ | | |
| | | دیر سٹیٹ | ۲۳ | نورستان | ۲ |
| پشاور | ۳۱ | سوات | ۷ | ننگرہار | ۱۳ |
| مردان | ۴۲ | بنیر | ۳ | غزنی | ۸ |
| کوہاٹ | ۸ | کوہستان | ۸ | ترکستان | ۳ |
| بنوں | ۲۲ | ہزارہ | ۱۹ | بدخشاں | ۴ |
| ڈیرہ اسماعیل خان | ۱۹ | باجوڑ | ۱۱ | لغمان | ۲۰ |
| کوئٹہ | ۵ | میانوالی | ۱ | گردیز | ۱۵ |
| لورالائی | ۱۸ | کیمبل پور | ۳ | جلال آباد | ۲۰ |
| قلات | ۲ | مہمند ایجنسی | ۶ | پغمان | ۸ |
| ژوب | ۱۰ | **افغانستان** | | ہرات | ۵ |
| وزیرستان | ۱۶ | خوست | ۱۸ | تھائی لینڈ | ۱ |
| تیراہ | ۵ | قندہار | ۳۲ | کل تعداد | ۱۲۱۲ |

© rasailojaraid.com